☆ ڈاکٹر محمود الحسن عارف

صدر شعبہ اردو دائرہ معارف اسلامیہ،

آپ نے اس رسالے کا اجراء کر کے اہل علم پر بے حد احسان کیا ہے، اس کے مضامین اور مقالات سے بھی پتہ چلتا ہے کہ آپ کے ارادے اور حوصلے بلند ہیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کی کوششوں کو شرف قبول عطا فرمائے اور اس سلسلے کو زیادہ سے زیادہ کامیابی نصیب فرمائے۔

☆ مولانا محمد ارشاد الحق

ناظم جامعہ خیر العلوم خیر پور ٹامیوالی، بہاولپور،

"السیرۃ" العالمی کا پہلا شمارا اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ میرے سامنے موجود ہے۔ ماشاء اللہ حسن انتخاب اور حسن ذوق کی بین دلیل ہے۔ بندے کے ناقص خیال میں جس طرح قرآن مجید کی تفسیر کا موضوع ہمہ گیر ہے بعینہ سیرۃ رسولِ ہاشمی صلی اللہ علیہ وسلم بھی آفاقی اور عالمگیر ہے اور کیوں نہ ہو خود صاحبِ قرآن کا اعلان ہے وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ بہر حال "السیرۃ" کی پوری انتظامیہ بالخصوص حضرتِ مدیر مدظلہ العالی کی خدمت میں ہدیۂ تبریک پیش کرنا اپنی سعادت سمجھتا ہوں، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سعی کو اپنی بارگاہ میں قبول فرما کر دارین کی سعادتوں سے نوازے۔ (آمین)

☆ ڈاکٹر قبلہ آیاز منصور

صدر شعبہ مطالعاتِ سیرت، پشاور یونیورسٹی،

"السیرۃ" کا پہلا شمارہ موصول ہوا۔ ہر لحاظ سے قابل تعریف ہے۔ اللھم زد فزد یہ سیرۃ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بہت بڑی خدمت ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس موضوع میں مزید مضامین کا اضافہ کیا جائے۔ سیرۃ کے بارے میں ہمارے پاس جو اساسی مآخذ موجود ہیں ان کا ناقدانہ جائزہ ضروری ہے اور ان کی استنادی حیثیت کا بطور خاص مطالعہ کرنا چاہئے۔